© rasailojaraid.com



اسالیب کو پیش کیا گیا ہے۔ ابواب اگرچہ نہایت مختصر ہیں، لیکن اندازِ تحریر دل کش اور جاذبِ توجہ ہے۔ کتاب کی اہم ترخوبی یہ ہے کہ کوئی بات بغیر سند کے نہیں کہی گئی۔ اگرچہ حوالے نامکمل اور تشنہ ہیں لیکن عام قاری کے استفادے کے لیے کافی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو پڑھنے والوں کے لیے رہبری کا ذریعہ بنائے اور مصنف کو ان کی محنت کا اجر عطا فرمائے۔ (سید شبیر احمد)

---

**ساٹھ سالہ قومی جد و جہد** یہ داستان ہے مجاہدِ ملت، غازی عبدالصمد سراج الدین جنرل سیکرٹری تحریک سیرت و سیکرٹری جنرل پاکستان اسلام لیگ کی۔ اسے جناب عبدالرحیم قریشی صاحب نے مرتب کیا ہے۔ بعض بڑی دلچسپ شخصیتیں ہوتی ہیں جو کیسے کیسے کارنامے دکھاتی ہیں۔ اور عہدوں کو رونق بخشتی ہیں مگر تاریخ ان سے کترا کے نکل جاتی ہے۔ ایسے ہی ایک ستم رسیدۂ تاریخ کی یہ کہانی ہے جس میں لکھنے والا دل کشی پیدا نہیں کرسکا۔ اسے خواجہ معین الدین ناظم نشر و اشاعت پاکستان اسلام لیگ (۸- رحمان بلڈنگ، سولجر بازار، کراچی ۳) نے شائع کیا۔ قیمت نامعلوم۔

---

**اسلام کی حقیقت** از جناب محمد اکرام قریشی ایم اے۔ شائع کردہ: احیائے دین لائبریری۔ سیالکوٹ۔ غالباً مفت تقسیم کے لیے۔

---

**ایمانی سیاست کی راہ** از راشد شاذ صاحب۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف مسلم امۃ افیئرز پی او بکس ۷۷۔ علی گڑھ ۲۰۲۰۰۲ (انڈیا)

میں نے راشد صاحب کو پڑھا ہے۔ ایمانی حرارت بھی ہے اور کام کرنے کا جذبہ بھی ہے۔ مگر بس ذہن اکھڑا اکھڑا سا ہے۔ یخوب صورت باتیں کہتے ہیں۔ وہ کسی اچھی ترتیب میں نہیں آتیں۔ نوجوان ہیں، فکر میں حرارت اور آتش فشانی زیادہ ہے، مگر روشنی کم۔ خدا کرے کہ انہیں یہ رائے ناگوار نہ ہو۔



© rasailojaraid.com